© rasailojaraid.com

# نورِ ہدایت



## فرمانِ باری تعالیٰ جل جلالہ

''اگر تم پیغمبر کی مدد نہ کرو گے خدا ان کا مددگار ہے۔ (وہ وقت تم کو یاد ہوگا) جب ان کو کافروں نے گھر سے نکال دیا (اُس وقت) دو (ہی شخص تھے جن) میں (ایک ابوبکر تھے) دوسرے (خود رسول اللہ) جب وہ دونوں غارِ (ثور) میں تھے اُس وقت پیغمبر اپنے رفیق کو تسلی دیتے تھے کہ غم نہ کرو خدا ہمارے ساتھ ہے۔ تو خدا نے اُن پر تسکین نازل فرمائی اور اُن کو ایسے لشکروں سے مدد دی جو تم کو نظر نہیں آتے تھے اور کافروں کی بات کو پست کر دیا اور بات تو خدا ہی کی بلند ہے اور خدا زبردست (اور) حکمت والا ہے۔'' (التوبہ، آیت ۴۰)



## فرمانِ نبوی ﷺ

### خلافتِ بلافصل سیدنا صدیقِ اکبرؓ

''محدثِ شہیر امام دارِ قُطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتابِ سُنن میں اور مؤرخ و محدثِ شام علامہ ابنِ عساکر رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتابِ تاریخ میں براہِ راست سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے۔ انھوں نے بیان کیا کہ: خود مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا کہ: میں نے اللہ تعالیٰ سے تمہارے لیے پہلا خلیفہ بنانے کے متعلق تین بار درخواست کی۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے اِس سے انکار کیا اور ابوبکر کو پہلا خلیفہ بنانے کے فیصلہ کا اظہار فرمایا۔'' (الصواعق المحرقہ مع تطہیر الجنان، صفحہ ۲۱)



الآثار

## عظمتِ صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

لوگو! یاد رکھنا ابوبکر نے میرا اس وقت ساتھ دیا جب میرے خاندان والوں نے بھی مجھے جھٹلا دیا تھا۔ وہ اس وقت مجھ پر ایمان لایا جب لوگ مجھے شاعر و مجنون کہتے تھے۔ کائنات میں کوئی ایسا انسان نہیں جس کے سامنے میں نے اسلام پیش کیا ہو اور وہ تردد میں نہ پڑا ہو مگر ایک صدیق اکبر کے سوا جس نے ایک لمحہ کی تاخیر کیے بنا میری نبوت کی گواہی دی اور مجھ پر ایمان لے آیا۔ یاد رکھو! اس کے خلاف زبان درازمت کرنا اس نے مجھ پر بہت احسان کیے ہیں۔ کہ جب سب نے میری تکذیب کی اس نے مجھے سچا کہا۔ یہ وہ شخص ہے جو مجھے ہجرت کرا کے لایا، کبھی کندھوں پر اٹھاتا تھا اور کبھی سواری پر بٹھاتا تھا۔ میرے گھر میں بے آبادی تھی۔ میری خدیجہ فوت ہوگئی تو میں غمگین تھا۔ مجھے اداسی تھی وطن سے بے وطن تھا۔ خاندان سے جدا تھا ہر چیز چھن گئی تھی میں بالکل تنہا تھا۔ اس نے اپنی چھوٹی بچی دے کر میرا گھر آباد کیا۔ میرے گھر میں فاقہ کشی کی نوبت تھی تو مجھے کھانے کے لیے پیسے بھیجنے والا ابوبکر تھا۔ خدا کی قسم دنیا میں ایسا کوئی انسان نہیں جس نے مجھ پر احسان کیا ہو اور میں نے اس کے احسان کا بدلہ نہ اتار دیا ہو۔ لیکن ایک ابوبکر ہے کہ میں قیامت تک اس کے احسانات کا بدلہ نہیں اتار سکتا۔ ابوبکر کو اس کے احسانوں کا اجر اللہ کی بارگاہ سے ملے گا۔

سید ابو معاویہ ابوذر بخاری رحمۃ اللہ علیہ

خطاب: بہ موقع یوم صدیق اکبر، احمد پور شرقیہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ماہنامہ
# نقیبِ ختمِ نبوت ملتان

جلد 21 شمارہ 5 جمادی الاولیٰ 1431ھ — مئی 2010ء

Regd.M.NO.32, I.S.S.N.1811-5411

بانی: سید الاحرار حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

ثانی: ابن امیر شریعت سید عطاء المحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ

زیر سرپرستی
حضرت مولانا خواجہ خان محمد مدظلہ

ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم

مدیر مسئول
سید محمد کفیل بخاری

رفقائے کار
عبد اللطیف خالد چیمہ • پروفیسر خالد شبیر احمد
مولانا محمد مغیرہ • محمد عمر فاروق
قاری محمد یوسف احرار • میاں محمد اویس
مفتی سید صبیح الحسن ہمدانی
سید عطاء المنان بخاری

تزئین
الیاس نبیل، حافظ محمد نعمان سنجرانی

سرکولیشن منیجر
محمد یوسف شاد 0300-7345095

زرِ تعاون سالانہ

| | |
|---|---|
| اندرون ملک | -/200 روپے |
| بیرون ملک | /1500 روپے |
| فی شمارہ | -/20 روپے |

ترسیل زر بنام: ماہنامہ نقیب ختم نبوت

بذریعہ آن لائن اکاؤنٹ نمبر 1-5278-100

بینک 0278 یو بی ایل چوک مہربان ملتان

رابطہ: دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان
061-4511961

## تشکیل

| | | | |
|---|---|---|---|
| دل کی بات: | اٹھارہویں ترمیم کی منظوری | عبد اللطیف خالد چیمہ | 2 |
| شذرات: | ڈاکٹر اسرار احمد کی رحلت | محمد عابد مسعود | 4 |
| | لاہور میں علماء کا کامیاب اجلاس اور توقعات | | |
| دین و دانش: | خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی پیش گوئی | مولانا عبد اللطیف مدنی | 5 |
| ر | حضرت معاویہؓ بحیثیت ایک خلیفۂ راشد | مولانا ابو ریحان سیالکوٹی | 10 |
| ر | سیدنا حبیب بن زید رضی اللہ عنہ | ارشاد الرحمن | 17 |
| شاعری: | ترا اسم ہے مری زندگی (حمدیہ) | ڈاکٹر اسلم انصاری | 21 |
| ر | نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم | پروفیسر خالد شبیر احمد | 23 |
| افکار: | مغرب کی دہشت گردی اور درندگی کا ایک باب | مولانا محمد عیسیٰ منصوری | 24 |
| ر | یہ ہیں ہمارے ملک کے سیاست دان | پروفیسر خالد شبیر احمد | 29 |
| ر | امتیازی قوانین کا خاتمہ مطلوب ہے! | عبد الرشید ارشد | 32 |
| شخصیت: | شاہ اسماعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ | شاہ بلیغ الدینؒ | 36 |
| ردّ قادیانیت: | قادیانی تحریک: پس منظر اور پیش منظر | زیڈ اے سلہری | 38 |
| ر | قادیانی گروہ کی لندن بسوں پر اشتہاری مہم | مولانا سہیل باوا | 43 |
| اقبالیات: | اقبال اور قادیانیت | ڈاکٹر ایوب صابر | 46 |
| طنز و مزاح: | زبان میری ہے بات اُن کی | ساغر اقبالی | 53 |
| اخبار الاحرار: | مجلس احرار اسلام پاکستان کی سرگرمیاں | ادارہ | 48 |

www.mahrar.com
majlisahrar@hotmail.com
majlisahrar@yahoo.com

تحریک تحفظ ختم نبوت شعبہ مجلس احرار اسلام پاکستان

مقام اشاعت: دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان ناشر: سید محمد کفیل بخاری طابع: آشکیل ذو پرنٹرز

Dar-e-Bani Hashim, Mehrban Colony, Multan (Pakistan)